NHS
The Dudley Group
NHS Foundation Trust

**Information for patients after an epidural or spinal anaesthetic**

# برجانی یا ریڑھ میں ایپیڈیورل)

# (یا اسپائنل بے حسی آور دوا دینے کے بعد مریض کے لیے معلومات

جراحت اور بے حسی آور دوائیں

مریض کے لئے معلوماتی
پرچہ

# برجانی یا ریڑھ میں بے حسی
# آور دوا دینے کے بعد
# مریض کے لیے معلومات

دردزہ اور/ یا زچگی کے دوران آپ کے درد پر قابو پانے کے لیے برجانی یا ریڑھ میں بے حسی آور دوا
کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ مختلف لیکن ایک جیسی تکنیکیں ہیں۔

برجانی - برجانی عمل میں آپ کی پچھلے میں ایک باریک نلی داخل کی جاتی ہے جس کے ذریعہ درد میں راحت دینے والی دوائیں دی جاتی ہیں۔

ریڑھ میں بے حسی آور دوا - اگر آپریشن کے ذریعہ ولادت ہورہی ہے یا آپریشن تھیٹر میں کوئی عمل کیا جانا ہے تو آپ کو ریڑھ میں بے حسی آور دوا دی جاسکتی ہے جسم کے نچلے نصف حصے کو بے حس) کرنے کے لیے پیٹھ میں ایک انجیکشن)۔

دونوں تکنیکوں کی پیچیدگیاں یکساں ہیں۔

برجانی عمل کے بعد کی پیچیدگیاں شاذ لیکن اہم ہیں۔ ہسپتال میں دایائیں اور ماہر تخدیر اس وقت تک آپ کی نگرانی رکھیں گے جب تک آپ کو ڈسچارج نہ کردیا جائے۔ یہ معلومات آپ کو گھر چلے جانے کے بعد کسی پیچیدگیوں کو پہچاننے میں مدد کے لیے ہیں۔

## سر درد

جراحت اور زچگی کے بعد برجانی/ ریڑھ کے عمل کے بغیر یا اس کے ساتھ معمولی سردرد عام بات ہے۔

آپ کی پیٹھ میں برجانی/ ریڑھ کے عمل میں کیے گئے ادخال والی جگہ پر سرخی، سوجن یا پیپ پڑنا

بخار

گردن میں اکڑن

آپ کی ٹانگوں کے محسوسات اور/یا قوت میں تبدیلیاں

برجانی/ ریڑھ کے عمل میں ادخال والی جگہ کے گرد معتدل تا شدید پیٹھ درد شروع ہونا

پیشاب کرنے میں دشواری یا آپ کے پیشاب یا پاخانے پر قابو ختم ہونا

برجانی/ ریڑھ کے عمل کے سبب ہونے والی ان سنگین پیچیدگیوں کا علاج فوری طور پر کیا جانا ضروری ہے، لہذا اگر آپ کو ان میں سے کوئی علامات ہوں تو یہ ضروری ہے کہ آپ فوری طور پر طبی مشورہ لیں۔

قریبی ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی کے شعبے میں جائیں

01384) روسیلز ہاسپٹل کو فون کریں (456111 اور کسی آن کال قبالتی ماہر تخدیر (آبسٹیٹرک انستھیٹسٹ) سے بات کریں۔

انہیں بتائیں کہ حال ہی میں آپ کا برجانی/ ریڑھ والا عمل ہوا ہے اور یہ معلومات اپنے ساتھ لائیں۔

کبھی کبھی برجانی/ ریڑھ کے عمل کے بعد شدید سردرد ہوجاتا ہے۔

یہ عام طور پر برجانی/ ریڑھ کے عمل کے ایک دن اور ایک ہفتے بعد ہوتا ہے۔

یہ عام طور پر ایک شدید سردرد ہوتا ہے
جو آپ کے سر کے سامنے والے یا پچھلے حصے
میں محسوس ہوتا ہے، جو لیٹنے پر بہتر
ہونے لگتا ہے اور بیٹھنے یا کھڑے ہونے پر
شدید ہوجاتا ہے۔
،سردرد کے ساتھ آپ کو گردن میں درد
طبیعت کی خرابی ہوسکتی ہے اور تیز
ہوسکتی ہے۔ یہ اس حد روشنی ناپسندیدہ
تک شدید ہوسکتی ہے کہ آپ معمول کی
سرگرمیاں انجام دینے سے معذور ہوجائیں۔
سیدھے لیٹنا اور عام درد سے راحت والی
دوائیں (جیسے کہ پاراسیٹیمول اور
ایبوپروفین) لینے سے مدد مل سکتی ہے۔
آپ کو یہ دونوں دردکش دوائیں لینے اور
گھنٹے پر لینے کی 6 انہیں پابندی سے ہر
ضرورت ہوسکتی ہے۔ آپ کو کافی زیادہ
سیال مادے لینا چاہیے اور وزن اٹھانے اور
مشقت سے بچنا چاہیے۔ اگر سردرد شدید ہو
گھنٹے بعد بھی بہتر نہ ہو تو آپ کو 24 اور
طبی مشورہ لینا چاہیے۔ آپ کو ہسپتال
میں داخل ہونے اور پیٹھ میں انجیکشن لگوا
کر علاج کروانے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

## عصب کو نقصان

زچگی کے بعد عصب کو معمولی نقصان
کے نتیجے میں سُن یا جھنجھناہٹ
بھرے دھبے عام ہیں۔ یہ برجانی/ ریڑھ میں
بے حسی آور دوا دینے کے سبب ہوسکتا ہے
لیکن یہ زیادہ تر زچگی کے دوران اعصاب
پر بچے کے سر کا دباؤ یا کھینچنے والے عمل
یا فورسیپ (چمٹی) کے ذریعہ زچگی کے
دباؤیا سیال جمع ہونے کے سبب ہوتا ہے۔ یہ
مہینوں کے اندر پوری طرح 6 عام طور پر

ٹھیک ہوجاتا ہے، لیکن ممکن ہے کہ کبھی کبھی پوری طرح ٹھیک نہ ہوپائے۔

مستقل طور پر معذور کرنے والا عصب کا نقصان برجانی/ ریڑھ کا عمل کروانے کی ایک سنگین لیکن انتہائی شاذ پیچیدگی ہے۔ یہ عام طور پر یا تو ریڑھ کے اندر جریان خون کے انفیکشن کے سبب ہوتا ہے۔

## انفیکشن

انتہائی شاذ معاملات میں اس جگہ پر /انفیکشن فروغ پاسکتا ہے جہاں پر برجانی ریڑھ میں نلی داخل کی گئی تھی۔ یہ جلد کی سطح پر یا زیادہ گہرائی میں حرام مغز (اسپائنل کورڈ) کے قریب ہوسکتا ہے۔ ریڑھ کے اندر متورم حصے میں انفیکشن ہوسکتا ہے جس سے حرام مغز اور عصب پر دباؤ پڑ سکتا ہے اور نقصان واقع ہوسکتا ہے۔ اس کے لیے انٹی بایوٹکس کے ذریعہ فوری علاج اور کبھی کبھی جراحت کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

## جریان خون

ریڑھ میں جریان خون سے، خون جمع ہوسکتا ہے، جسے برجانی/ ریڑھ کا دموی سلعہ کہا جاتا ہے۔ اس سے حرام مغز اور اعصاب پر دباؤ پڑ سکتا ہے اور نقصان ہوسکتا ہے۔ یہ کیفیت انتہائی شاذ ہے؛ البتہ حرام مغز اور اعصاب پر دباؤ کو ختم کرنے کے لیے فوری جراحت کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

# گھر پر کن چیزوں پر نظر رکھیں

گھر جانے کی چھٹی ملنے کے بعد یہ ضروری ہے کہ آپ ایسی کسی علامات سے

آگاہ ہوں جو اس بات کا اشارہ ہوں کہ
برجانی/ ریڑھ کے عمل کے سبب کوئی
پیچیدگی ہوسکتی ہے۔
ان میں شامل ہیں:

## مزید معلومات:

برجانی/ ریڑھ کے عمل سے متعلق مزید
معلومات رائل کالج آف انیستھیٹسٹس کی
ویب سائٹ www.rcoa.ac.uk under پر
مریضوں کیلئے معلومات 'کے تحت دیکھی'
جاسکتی ہیں۔

**This leaflet can be made available in large print, audio version and in other languages, please call 0800 073 0510.**

للحصول على هذه النشرة بحجم أكبر، وعلى شكل إصدار صوتي و بلغات أخرى، الرجاء الاتصال بالرقم 08000730510.

此宣传单可提供大字版本、音频版本和其它语言版本，请拨打电话：0800 073 0510。

Ulotka dostępna jest również w dużym druku, wersji audio lub w innym języku. W tym celu zadzwoń pod numer 0800 073 0510.

ਇਹ ਪਰਚਾ ਵੱਡੇ ਅੱਖਰਾਂ, ਬੋਲ ਕੇ ਰੀਕਾਰਡ ਕੀਤਾ ਹੋਇਆ ਅਤੇ ਦੂਸਰੀਆਂ ਭਾਸ਼ਾਵਾਂ ਵਿਚ ਵੀ ਪ੍ਰਾਪਤ ਹੋ ਸਕਦਾ ਹੈ, 0800 073 0510 ਤੇ ਫੋਨ ਕਰੋ ਜੀ।

Aceasta brosura poate fi pusa la dispozitie tiparita cu caractere mari, versiune audio sau in alte limbi, pentru acest lucru va rugam sunati la 0800 073 0510.

یہ کتابچہ آپ کو بڑے حروف کی لکھائی ، سمعی صورت اور دیگر زبانوں میں مہیا کیا جا سکتا ہے۔برائے مہربانی فون نمبر 08000730510پر رابطہ کریں۔

Originator: Dr C Brennan. Date originated: January 2018. Date reviewed: September 2021. Next review due: June 2024. Version: 4. DGH ref: DGH/PIL/00488